© rasailojaraid.com

ہری چند اختر

# اک عرب (ﷺ) نے آدمی کا بول بالا کردیا

کس نے ذرّوں کو اٹھایا اور صحرا کر دیا
کس نے قطروں کو ملایا اور دریا کر دیا

زندہ ہوجاتے ہیں جو مرتے ہیں اُن کے نام پر
اللہ اللہ! موت کو کس نے مسیحا کردیا

شوکتِ مغرور کا کس شخص نے توڑا طلسم
منہدم کس نے الٰہی! قصرِ کسریٰ کردیا

کس کی حکمت نے یتیموں کو کیا دُرِّ یتیم
اور غلاموں کو زمانے بھر کا مولا کردیا

سات پردوں میں چھپا بیٹھا تھا حُسنِ کائنات
اب کسی نے اُس کو عالم آشکارا کر دیا

آدمیّت کا غرض ساماں مہیّا کردیا
اک عرب (ﷺ) نے آدمی کا بول بالا کردیا

☆......☆......☆